131

۱۹۵

Rampur State Gazette

رامپور اسٹیٹ گزٹ

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۳۶ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۷ جمادی الثانی ۱۳۵۶ھ مطابق ۴ ستمبر ۱۹۳۷ء جلد ۲۹

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

فہرست

(۱)	منظوری نامزدگی عالی مرتبت جناب افسر صاحب ایجوکیشن پبلک گرلز پاٹھشالا بعہدہ رکن کمیٹی سروسز سیلکشن بورڈ	۲	۲	سبکدوشی منشی منظور حسن خان اسسٹنٹ لفٹنٹ فرسٹ رامپور (رضا انفنٹری)	۳
۲	منظوری تبادلہ تاریخ رخصت عالی مرتبت صاحب آرمی افسر صاحب بریگیڈ میجر صاحب	۶		منظوری بجٹ مصارف ٹاؤن ایریا تحصیل ٹانڈہ ۳۷-۱۹۳۶ء (مع تجاویز)	۴ ۵

ارڈرز ان اسٹیٹ کونسل رامپور

۱	منظوری اضافہ گریڈ منشی خورشید احمد محرر رجسٹری	۶	۲	منظوری عہدہ ہیڈ دارئین برائے اجاگر سنگھ دارئین بجلی گھر	۶

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگانِ حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم (مسودی)

۱۰ اگست ۱۹۳۶ء

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بموجب رپورٹ عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر ایجوکیشن و پبلک ورکس ڈپارٹمنٹ کو رکن کمیٹی مسودہ عرضداشت مقرر کیا جانا منظور ہے۔ کاغذات عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعد عرض — میر سامانہ

جناب عالی

بحکم اجلاس ہمایوں مورخہ ۱۰ جولائی ۱۹۳۵ء سروسز سلیکشن بورڈ کے فرائض اور نظام عمل کی ترتیب کے بارہ میں ایک کمیٹی مقرر فرمائی گئی تھی جس کے ایک ممبر صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر بھی تھے۔ چونکہ اب عہدہ مذکور منسٹر ایجوکیشن پبلک ورکس ڈپارٹمنٹ کے نام سے موسوم ہے بنا بریں فدوی ملتجی ہے کہ بارگاہ ہمایوں کی جانب سے صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر کے عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر ایجوکیشن و پبلک ورکس ڈپارٹمنٹ کو رکن کمیٹی مقرر فرمائے جانے کا حکم شرف نفاذ پائے تاکہ جو مسودہ تیار ہو چکا ہے کمیٹی میں پیش کیا جا سکے۔ زیادہ حد ادب۔

دولت و اقبال جاوید باد۔

عرضی فدوی دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر۔
مورخہ ۱۴ اگست ۱۹۳۶ء

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ۲۲ اگست ۱۹۳۶ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم (۱)

مورخہ ۲۹ اگست ۱۹۳۶ء

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

عالیمرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر کی رخصت اکیس یوم بحکم ۱۰ اگست و برگیڈ میجر صاحب کی رخصت بارہ یوم بحکم ۱۰ اگست منظور ہوئی ہے حسب صراحت عرضداشت مثلاً تبادلہ تاریخ کی اجازت دیجاتی ہے۔ کام کا انتظام حسب سابق ۱۰ اگست رہیگا۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعد عرض — میر سامانہ

جناب عالی

تنخواہ کی اکیس یوم کی رخصت ۱۰ ستمبر لغایتہ ۳۰ ستمبر ۱۹۳۶ء اور منجملہ ہے۔ جے کرنل برگیڈ میجر صاحب کی بارہ یوم کی رخصت ۹ اگست لغایتہ ۹ ستمبر ۱۹۳۶ء بارگاہ ہمایوں سے ۱۰ اگست اور ۱۲ اگست ۱۹۳۶ء کو بالترتیب منظور فرمائی گئی ہیں برگیڈ میجر صاحب کو دربار میں ۹ اگست کو حاضر ہونا ہے۔ لہذا ۹ اگست سے رخصت پر نہیں جا سکتے۔ فدوی ملتجی ہے کہ حسب ذیل تاریخ پر استفادہ رخصت حاصل کرنے کی اجازت مرحمت فرمائی جاوے۔

تنخواہ کی اکیس یوم کی رخصت۔ ۱۰ ستمبر لغایتہ ۳۰ ستمبر ۱۹۳۶ء
برگیڈ میجر صاحب کی بارہ یوم کی رخصت۔ ۱۰ اگست لغایتہ ۲۱ اگست ۱۹۳۶ء

زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد

عرضی فدوی دستخط عالیمرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر
مورخہ اگست ۱۹۳۶ء

روبکار۔ واقع یکم ستمبر ۱۹۳۶ء

دستخط اعلیحضرت بندگانحضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

سیکنڈ لفٹنٹ منظور حسن خاں فرسٹ رامپور رسالہ انفنٹری کو برائے تعلیم سگنلنگ پونا بھیجا گیا تھا۔ وہ اس ٹریننگ میں ناکامیاب ہے۔ دوران ٹریننگ میں اُن کی بدعنوانیاں اور وجوہ ناکامیابی ایسی ہیں جو سنگین ہیں۔ جنکا ارتکاب ایک فوجی افسر کے لئے نہایت مذموم ہے۔ بربنائے واقعات حسب قانون فوج اُن کا کورٹ مارشل ہوتا۔ مگر صرف اس پر اکتفا کی جاتی ہے کہ اُن کو ملازمت سے علیحدہ کیا جاتا ہے۔ ۲۰ اگست ۱۹۳۶ء سے وہ انڈر ارسٹ ہیں۔ تاریخ مذکورہ سے تنخواہ نہیں ملیگی۔ بسلسلہ مصارف ٹریننگ جو رقم منظور حسن خاں سے لایق وصول ہو اُسکی واپسی کے متعلق عالیمرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر کارروائی کریں۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ اصل فائل متعلقہ جلاس نے آرمی ہیڈکوارٹر بھیجا جائے۔

حکم

واقع ۲ ستمبر ۱۹۳۶ء

بموجب رپورٹ بجٹ مصارف ٹاؤن ایریا تحصیل ٹانڈہ سال ۳۷-۱۹۳۶ء کی مع تجاویز منظوری دیجاتی ہے۔ کاغذات عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بغرض — نمبر سلسلہ

جناب عالی

چیرمین صاحب ٹاؤن ایریا کمیٹی ٹانڈہ نے بجٹ مصارف ٹاؤن ایریا تحصیل ٹانڈہ برائے سال ۳۷-۱۹۳۶ء تعدادی [illegible] بموجب نقشہ A مرتب کرکے پیش کیا ہے آمدنی کا تخمینہ برائے سال رواں بموجب نقشہ B [illegible] کا ہے۔ جس کی رو سے مبلغ [illegible] کی بچت ہوتی ہے جدید تقررات حسب ذیل ہیں

الاؤنس ڈاکٹر مذبح	[illegible] ماہانہ
ایک جدید آسامی چپراسی	[illegible] ماہانہ
دو جدید آسامیان خاکروب	[illegible] فی کس
ایک جدید آسامی خاکروب	[illegible] ماہانہ

مینہ فائنانس کو اتفاق ہے۔ کونسل نے بھی جلسہ غیر معمولی منعقدہ ۲۲ اگست ۱۹۳۶ء میں بجٹ مصارف مع تجاویز جدید اتفاق کرلیا ہے بنابریں ترتیب تنخواہ سند ہی ہے کہ بجٹ ہمایوں سے حکم منظوری کا بجٹ مع تجاویز معروضہ بالا شرف نفاذ پائے

زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

[illegible] ۱۹۳۶ء

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ۲ ستمبر ۱۹۳۶ء دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

نقشہ بجٹ مصارف متعلق ٹاؤن ایریا کمیٹی ٹانڈہ بابتہ سال ۳۷-۱۹۳۸ء من ابتدائے مئی ۳۷ء لغایۃ آخر اپریل ۱۹۳۸ء

نمبر شمار	نام مدات	مصارف سالگذشتہ: رقم منظور شدہ	مصارف سالگذشتہ: مصارف	مصارف سالگذشتہ: باقی	مصارف سالگذشتہ: فاضل	بجٹ مجوزہ برائے سال ۳۶-۱۹۳۷ء	کمی و بیشی: کمی	کمی و بیشی: بیشی	
۱	مشاہرات	[illegible]	[illegible]	[illegible]	•	[illegible]	•	[illegible]	
۲	روشنی	[illegible]	[illegible]	[illegible]	•	[illegible]	[illegible]	•	
۳	اسٹیشنری	[illegible]	[illegible]	[illegible]	•	[illegible]	[illegible]	•	
۴	مرمت کمر بجہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	•	[illegible]	[illegible]	•	
۵	رزرو فنڈ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	•	[illegible]	[illegible]	•	
۶	مرمت ٹاؤن ہال	•	•	•	•	[illegible]	•	[illegible]	
۷	تیاری احاطہ ٹاؤن ہال [illegible]	•	•	•	•	[illegible]	•	[illegible]	
۸	تیاری کمر بجہ جدید	•	•	•	•	[illegible]	•	[illegible]	
۹	تعمیر مذبح	•	•	•	•	[illegible]	•	[illegible]	
۱۰	تیاری کوڑا گاڑی	•	•	•	•	[illegible]	•	[illegible]	
۱۱	تیاری بیٹی جبر اسٹ [illegible]	•	•	•	•	[illegible]	•	[illegible]	
	میزان	[illegible]	[illegible]	[illegible]	•	[illegible]	[illegible]	[illegible]	

نقشہ بجٹ آمدنی متعلق ٹاؤن ایریا کمیٹی قصبہ ٹانڈہ بابت سال ۳۸-۱۹۳۷ء من ابتدائے مئی ۱۹۳۷ء لغایۃ آخر اپریل ۱۹۳۸ء

نمبر شمار	نام مدات آمدنی	رقم منظور شدہ بابت سال ۳۷-۱۹۳۶ء	رقم مجوزہ برائے سال ۳۸-۱۹۳۷ء	تفاوت: بیشی	تفاوت: کمی	کیفیت
۱	خانہ کرایہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	.	
۲	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	.	
۳	فیس نکاح	[illegible]	[illegible]	[illegible]	.	
۴	نذرانہ چوکھٹ کیواڑ و دیوار درمیانی	[illegible]	[illegible]	[illegible]	.	
۵	کوڑا	.	[illegible]	[illegible]	.	
۶	کرایہ زمین	.	[illegible]	[illegible]	.	
۷	مذبح	.	[illegible]	[illegible]	.	
۸	بقیہ رقم بجٹ سال گذشتہ	.	[illegible]	[illegible]	.	
۹	میزان	[illegible]	[illegible]	[illegible]	.	
		1,605/3/7	3,441/6/7	1836/2/8		

آرڈرز آف اسٹیٹ کونسل رامپور

آرڈران اسٹیٹ کونسل
مورخہ ۲۰ ماہ اگست ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی جلسہ منعقدہ ۲۰ اگست ۱۹۳۶ء میں تجویز عالی مرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر بابت منظوری انتظامی تین روپیہ ماہانہ اضافہ تنخواہ منشی خورشید احمد محرر رجسٹری مشاہرہ دار بارہ روپیہ از یکم مئی ۱۹۳۶ء بموجب گریڈ پیش ہو کر طے پایا کہ

حسب اتفاق فائنانس نامبردہ کا تین روپے ماہانہ اضافہ یکم مئی ۱۹۳۶ء سے منظور ہے۔ بجٹ سال حال میں رقم اضافہ قائم ہو چکی ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

ایک نقل درج گزٹ ہو

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل
مورخہ ۲۶ ماہ اگست ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی جلسہ منعقدہ ۲۲ اگست ۱۹۳۶ء میں تجویز عالی مرتبت صاحب منسٹر بہادر در ریونیو ڈیپارٹمنٹ بابت منظوری عہدہ گریڈ ہیڈ وارڈن برائے اجاگر سنگھ وارڈن جیل جن کا مشاہرہ [illegible] روپے ماہانہ پیش ہو کر طے ہوا کہ نامبردہ کی تنخواہ [illegible] روپیہ ماہانہ میں [illegible] روپیہ ماہانہ گریڈ کی تنخواہ اور [illegible] روپیہ ماہانہ ذاتی مشاہرہ سمجھے۔ ہیڈ وارڈن کا گریڈ ۔۔۔ ہے۔ حسب فائنانس کی تجویز ہے کہ عہدہ ہیڈ وارڈن کی ابتدائی تنخواہ چالیس روپیہ ماہانہ نامبردہ پائے۔ اور بیس روپیہ ماہانہ ذاتی مشاہرہ بدستور شمار ہے۔ جب گریڈ کے دوسرے اور تیسرے درجہ میں نامبردہ کو ترقی ملے تو ذاتی مشاہرہ کو تنخواہ گریڈ میں محسوب کر لیا جائے

لہذا طے پایا کہ:-

حسب تجویز فائنانس مسمی اجاگر سنگھ وارڈن محکمہ برقی مشاہرہ دار [illegible] روپیہ کے نئے ہیڈ وارڈن کا عہدہ منظور کیا جاتا ہے۔ چالیس روپیہ ماہانہ گریڈ ہیڈ وارڈن کا ابتدائی مشاہرہ اور بیس روپیہ ماہانہ ذاتی مشاہرہ قرار پائے گا۔ جب گریڈ کے دوسرے اور تیسرے درجہ میں ترقی ملے گی تو ذاتی مشاہرہ کو تنخواہ گریڈ میں محسوب کیا جائے گا۔

نیز بموجب اظہار عالی مرتبت صاحب منسٹر بہادر انچارج محکمہ برقی منظور کیا جاتا ہے کہ جس وقت دوسرا اسسٹنٹ وارڈن پیدا کیا جائے گا تو اس وقت ایک ہیڈ وارڈن کی اسامی بوجہ عدم ضرورت تخفیف کر دی جائے گی

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

ایک نقل درج گزٹ ہو

دستخط عالی مرتبت جناب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل